
بچوں کی بائبل
پیشکش

# جنت خدا کا خوبصورت گھر



مصنف: Edward Hughes

تصور: Lazarus
Alastair Paterson


انتخاب: Sarah S.

مترجم: Jamil Thomas

تصنیف: Bible for Children
www.M1914.org

©2026 Bible for Children, Inc.
آپ اس کہانی کو کاپی کر سکتے ہیں یا پرنٹ کر سکتے ہیں لیکن اس کی فروخت نہیں کر سکتے۔


جب یسوع زمین پر رہتا تھا تو اسے اپنے شاگردوں کو جنت کے بارے میں بتایا۔ اس نے اسے اپنے باپ کا گھر کہا، اس نے کہا کہ وہاں بہت سے مکان ہیں۔ مکان ایک بڑا اور خوبصورت گھر ہوتا ہے۔ اور آسمان بھی زمین کی نسبت بہت بڑا اور خوبصورت گھر ہے۔



یسوع نے کہا، میں جاتا ہوں تا کہ تمھارے لئے جگہ تیار کروں۔ اور اگر میں جا کر
تُمھارے لِئے جگہ تیّار کرُوں تو پھِر آ کر تُمھیں اپنے ساتھ لے لوں گا۔




یسوع مردوں میں سے جی اٹھنے کے بعد آسمان پر گیا۔ جب اس کے شاگرد دیکھ رہے تھے تو یسوع آسمان پر اٹھا لیا گیا، اور بادلوں نے اس کا استقبال کیا اور وہ ان کی نظروں سے اوجھل ہو گیا۔



تب سے ہی مسیحیوں کو یسوع کا وہ وعدہ یاد ہے کہ وہ واپس آ کر انہیں ساتھ لے جائےَ گا۔


یسوع نے کہا کہ وہ اچانک آ جائے گا، جب تھوڑے لوگ اس کی توقع کر رہے ہو گے۔ لیکن ان مسیحیوں کے بارے میں کیا ہے جو وفات پا چکے ہوں گے؟ بائبل کہتی ہے کہ وہ یسوع مسیح کے ساتھ ہی جائیں گے۔




ہم کو بدَن کے وطن سے جُدا ہو کر خُداوند کے وطن میں رہنا زِیادہ منظُور ہے۔

مکاشفہ، بائبل مقدس کی آخری کتاب، ہمیں بتاتی ہے کہ آسمان کتنا خوبصورت ہے۔

اور سب سے حیران کن اور خاص بات یہ ہے کہ آسمان خدا کا گھر ہے۔ خدا ہر جگہ ہی موجود ہے لیکن اس کا تخت آسمان پر ہے۔



فرشتے اور تمام آسمانی مخلوق آسمان پر خدا کی پرستش کرتے ہیں۔ اس طرح کی تمام خدا کے لوگ جو مر گئے ہیں وہ آسمان پر ہی ہیں۔ وہ خدا کی حمد کے خاص گیت گاتے ہیں۔ یہ کچھ الفاظ ہیں جن سے وہ اس کی تعریف کرتے ہیں۔



تو ہی لائق ہے کیُونکہ تُو نے ذِبح ہو کر اپنے خُون سے ہر ایک قبِیلہ اور اہلِ زبان اور اُمّت

اور قَوم میں سے خُدا کے واسطے لوگوں کو خرِید لِیا۔

اور اُن کو ہمارے خُدا کے لئِے ایک بادشاہی اور


کاہِن بنا دِیا۔

مکاشفہ 9:5




بائبل کے آخری صفحات آسمان کو نئے یروشیلم کے طور بیان کرتے ہیں۔ یہ بہت ہی بڑا


بہت ہی بڑا ہے اوراس کی دیواریں بہت ہی اونچی ہیں۔



دیواریں یشب کے پتھر سے بنی ہیں اور بلور کی مانند شفاف ہیں۔ ہیرے جواہرات اور قیمتی پتھر اس کی بنیاد میں ہیں، اور یہ مختلف رنگوں میں چمک رہے ہیں۔ اور شہر کا ہر دروازہ ایک بڑے موتی سے بنا ہے۔



اور یہ موتیوں سے بنے دروازے کبھی بند نہیں ہوتے۔ آئیں اندر چلتے ہیں اور اسے دیکھتے ہیں۔۔۔ واہ، آسمان اندر سے تو اور بھی خوب صورت ہے۔ شہر خالص سونے کا بنا ہے جیسا کہ صاف شیشہ۔ حتیٰ کہ اس کی گلیاں بھی سونے کی بنی ہیں۔




ایک نہایت خوبصورت صاف وشفاف زندگی کے پانی کا دریا خدا کے تخت سے بہتا ہے۔


دریا کے وار پار زندگی کا درخت ہے، جو کہ پہلے باغ عدن میں موجود تھا۔ یہ درخت

نہایت ہی خاص ہے۔ اس پر بارہ مختلف قسم کے پھل لگتے ہیں یعنی ہر مہینے میں ایک

پھل۔ اور زندگی کے درخت کے پتے قوموں کے لئے شفا ہیں۔



آسمان کو سورج یا چاند کی روشنی کی ضرورت نہیں۔ یہ خدا کے جلال کے حیران کن نور سے ہی منور ہے۔ اور وہاں کبھی رات یا اندھیرا نہیں ہے۔



حتی کہ آسمان کے جانور بھی مختلف ہیں۔ وہ سب سدھائے ہوئے اور دوستانہ ہیں۔ بھیڑے اور برے اکھٹے گھاس چرتے ہیں۔ حتی کہ زبردست ببر بھی بیل کی مانند بھوسا کھاتے ہیں۔ خداوند فرماتا ہے۔ وہ میرے تمام کوہ مقدس پر نہ ضرر پہچائینگے نہ ہلاک کریں گے۔



جب ہم ارد گرد دیکھتے ہیں، تو ہم غور کرتے ہیں کہ آسمان پر ابھی بھی کچھ چیزیں کم ہیں۔

کوئی بھی غصیلے الفاظ نہیں۔ کوئی بھی جھگڑا

یا خود غرضی نہیں۔



کسی دروازے پر کوئی تالا نہیں کیوں کہ وہاں کوئی چوراچکے نہیں ہیں۔ وہاں کوئی بھی



جھوٹ بولنے والا، قتل کرنے والا،

جادو گریا برے لوگ نہیں ہیں۔

آسمان پر کسی قسم کا بھی گناہ نہیں۔

خدا کے ساتھ آسمان پر کوئی رونا دھونا نہیں۔


بعض اوقات خدا کے لوگ زندگی میں دکھوں

کے سبب سے روتے چلاتے ہیں۔ لیکن آسمان پر


خدا ہمارے تمام آنسو پونچھ ڈالے گا۔




آسمان پر کوئی موت نہ ہو گی۔ خدا کے لوگ ہمیشہ اس کے ساتھ رہیں گے۔ وہاں کوئی دکھ، کوئی تکلیف یا رونا نہیں ہو گا۔ کوئی بیماری کوئی کمزوری کا موت نہ ہو گی۔ آسمان پر ہر کوئی خدا کے ساتھ خوش و خرم ہو گا۔




سب سے عمدہ بات یہ ہے کہ آسمان لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے اور تمام بڑوں کے لئے بھی ہے جو یسوع مسیح کو اپنا منجی تسلیم کرتے ہیں اور اسے اپنا مالک جان کر اس کی اطاعت کرتے ہیں۔



آسمان پر ایک کتاب ہے جسے برہ کی کتاب حیات کہتے ہیں۔ یہ لوگوں کے ناموں سے بھری ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کس کا نام وہاں لکھا ہوا ہے؟ ان سب کا جو یسوع مسیح پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ کیا آپ کا نام وہاں لکھا ہے؟



بائبل کے آخری الفاظ آسمان پر جانے کی شاندار دعوت ہیں۔ اور رُوح اور دُلہن کہتی ہیں آ اور سُننے والا بھی کہے آ۔ اور جو پیاسا ہو وہ آئے اور جو کوئی چاہے آبِ حیات مفت لے۔



# جنت خدا کا خوبصورت گھر

خدا کے کلام بائبل میں یہ کہانی

موجود ہے

یوحنا، 14; 2 کرنتھیوں 5; مکاشفہ 4, 21, 22

"تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے۔"
زبور 130:119


ختم شد

بائبل کی کہانی ہمیں ہمارے عجیب خدا کے
بارے میں بتاتی ہے جس نے ہمیں بنایا اور وہ چاہتا ہے کہ آپ اُسے جانیں۔

خدا جانتا ہے کہ ہم نے برے کام کیے جنھیں وہ گناہ کہتا ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔
لیکن خدا ہم سے اتنی زیادہ محبت کرتا ہے کہ اس نے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع کو
بھیجا کہ صلیب پر مرے اور ہمارے گناہوں کی سزا اٹھائے۔ پھر یسوع دوبارہ زندہ ہو
اور آسمان پر اپنے گھر گیا۔ اگر آپ یسوع پر ایمان رکھتے ہیں اور اس سے اپنے گناہوں
کی معافی مانگیں تو وہ اسے معاف کرے گا۔ وہ آئے گا اور آپ میں
رہے گا، اور آپ ہمیشہ اس کے ساتھ رہیں گے۔

اگر آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یہ سچ ہے تو خدا سے کہیں :
پیارے یسوع، میں ایمان رکھتا ہوں کہ تو خدا ہے اور میرے گنا ہوں کے لیے انسان بنا اور مرگیا اور اب پھر زندہ ہے۔ مہربانی سے میری زندگی میں آجا اور میرے گناہ معاف کردے تاکہ اب مجھے نئ زندگی ملے اور پھر ایک دن تیرے ساتھ ہمیشہ کے لیے چلا جاوں۔ میری مدد کر تاکہ میں تیرے تابع رہ سکوں اور تیرے فرزند کے طور پر زندگی بسر کروں ۔ آمین ۔

بائبل مقدس پڑھیں اور خدا سے روز باتیں کریں۔ یوحنا 16:3